ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(270)

مورخہ 14.05.24

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 16 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائنیز، اوچشریف پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھر پور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 100 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے تھانہ صدر بہاول پور، مسافر خانہ اور ڈیرا اور پولیس نے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو سے زائد چرس اور 06 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ کینٹ، بغداد الجدید، صدر بہاولپور، عباس نگر، دھوڑ کوٹ، سٹی یزمان اور ہیڈ راجکاں پولیس نے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 07 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد پسٹل 9mm، 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کر لئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (271)

مورخہ 14.05.24

**بہاولپور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی گذشتہ روز پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سرکل احمد پور شرقیہ اور سرکل یزمان کے ایس ڈی ایس پی اوز اور مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ کرائم میٹنگ۔ منشیات فروشوں اور اشتہاری مجرمان کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے۔شہریوں کا امن خراب کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھیں،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول اور معاشرے میں امن وامان کی صورت حال کو قائم رکھنے کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے تھانہ اوچشریف، ڈیرہ نواب صاحب، ہیڈ راجکاں اور تھانہ ڈیراور کے ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے میٹنگ کی۔میٹنگ میں سرکل احمد پور شرقیہ اور سرکل یزمان کے ایس ڈی پی اوز نے مقدمات بارے ڈی پی او اسد سرفراز خان کو بریفنگ دی۔جس پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جارہی ہے۔اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے،اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے،شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**






بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سرکل احمد پور شرقیہ اور سرکل یزمان کے ایس ڈی ایس پی اوز اور مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں